بسم اللہ الرحمن الرحیم

عورت پر مخصوص ایام کی نمازیں معاف ہیں

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ میں کہ عورت کے لئے کن کن ایام میں نمازیں معاف ہیں؟

جواب

عورت کے لئے حیض اور نفاس کے ایام میں نمازیں معاف ہیں، اور ان نمازوں کی قضا بھی لازم نہیں۔

فتاویٰ ہندیہ میں ہے "الأحكام التي يشترك فيها الحيض والنفاس ثمانية (منها) أن يسقط عن الحائض والنفساء الصلاة فلا تقضي" ترجمہ: وہ احکام جن میں حیض اور نفاس والی خواتین مشترک ہیں، وہ آٹھ ہیں، ان میں سے ایک یہ ہے کہ حیض اور نفاس والی خواتین سے نماز ساقط ہوجاتی ہے، پس اس کی قضا بھی نہیں کی جائے گی۔ (فتاویٰ ہندیہ، جلد 1، صفحہ 38، مطبوعہ: کوئٹہ)

بہارِ شریعت میں ہے "ان دنوں (حیض و نفاس) میں نمازیں معاف ہیں ان کی قضا بھی نہیں۔" (بہارِ شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 380، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4767

تاریخ اجراء: 06 شعبان المعظم 1447ھ/26 جنوری 2026ء